وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

اور یاد کرو اللہ کو بہت سا، شاید تمہارا بھلا ہو۔

الْجُمُعَة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

1. اللہ کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ آسمانوں میں (ہے) اور زمین میں،
(اللہ جو) بادشاہ (ہے)، پاک ذات، زبردست حکمت والا۔

2. وہی ہے جس نے اُٹھایا اَن پڑھوں (اُمیوں) میں ایک رسول اُن ہی میں کا (ہے)،
پڑھتا ان پاس اسکی آیتیں اور انکو سنوارتا اور سکھاتا کتاب اور عقلمندی۔
اور اس سے پہلے تھے وہ صریح بھلاوے میں۔

3. اور ایک اوروں کے واسطے انہی میں سے جو ابھی نہیں ملے ان میں۔
اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

4. یہ بڑائی اللہ کی ہے، دیتا ہے جس کو چاہے۔
اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

5. کہاوت انکی جن پر لادی تورات، پھر نہ اُٹھائی اُنہوں نے، جیسے کہاوت گدھے کی، پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابیں۔
بُری کہاوت ہے ان لوگوں کی، جنہوں نے جھٹلائیں اللہ کی باتیں۔
اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔

6. تو کہہ، اے یہود ہونے والو! اگر تم دعوے کرتے ہوے کہ تم دوست ہو اللہ کے سب لوگوں کے سوا،
تو مناؤ (تمنا کرو) مرنے کو، اگر تم سچے ہو۔

7. اور کبھی نہ مناویں (تمنا کریں) گے مرنا، جس واسطے آگے بھیج چکے ہیں انکے ہاتھ۔ اور اللہ کو خوب معلوم ہیں گناہگار۔

8. تو کہہ، موت وہ ہے جس سے تم بھاگتے ہو، سو وہ تم سے ملنی ہے،
پھر پھیرے (پیش کیے) جاؤگے اُس چھپا اور کھلا جاننے والے پاس، پھر جتاۓ گا تم کو جو کرتے تھے۔

9. اے ایمان والو!
جب اذان ہو نماز کی دن جمعہ کے تو دوڑو اللہ کی یاد کو اور چھوڑ دو بیچنا۔
یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم کو سمجھ ہے۔

10. پھر جب تمام ہو چکے نماز تو پھیل پڑو زمین میں اور ڈھونڈو فضل اللہ کا،
اور یاد کرو اللہ کو بہت سا، شاید تمہارا بھلا ہو۔

11. اور جب دیکھیں سودا بکتا یا تماشا، کھنڈ (لپک) جائیں اسکی طرف اور تجھ کو چھوڑ جائیں کھڑا۔
تو کہہ، جو اللہ کے پاس ہے بہتر ہے تماشے سے، اور سودے سے۔
اور اللہ بہتر ہے روزی دینے والا۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com